© rasailojaraid.com


کے لیے تین گھنٹے مقرر کر دیے گئے۔ پارکوں اور پبلک مقامات پر شراب پینا ممنوع قرار دے دیا گیا ہے۔ روس کی مشہور شراب "ووڈکا" کی پیداوار محدود کر دی گئی ہے۔

اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ روس کی مجموعی قومی آمدنی کا دس فیصد (جو ۵۴ ارب ڈالر کے برابر ہے) شراب کی فروخت سے حاصل ہوتا ہے۔ لیکن اس آمدنی کے نتیجے میں مختلف صنعتوں میں ناقص کارکردگی کے جو نقصانات ہو رہے ہیں، وہ اس سے کہیں زیادہ ہیں۔ گورباچوف نے اگست میں اعلان کیا کہ آئندہ ان کی ترجیحات میں شراب نوشی کی وبا کے خلاف جدوجہد بھی شامل ہوگی۔

## برطانیہ سے دو خبریں

برطانیہ میں مسلمانوں کو یہ حق مل گیا ہے کہ وہ اگر اپنے بچوں کے لیے الگ سکول کھولیں تو انہیں گورنمنٹ سے ایسے اداروں کے سالانہ مصارف کا اچھا خاصا حصہ گرانٹ کے طور پر ملے گا۔

ہیتھرو ایرپورٹ (لندن) پر پہلی بار مسجد تعمیر ہو رہی ہے "تاکہ مسلمان مسافر اور ان کو روانہ کرنے والے یا استقبال کرنے والے مسلم اعزہ و احباب وہاں نماز ادا کر سکیں۔

---

## احتیاط

ترجمان القرآن میں ضرورتِ استدلال کے لیے آیات و احادیث شائع ہوتی رہتی ہیں۔ قارئین سے گذارش ہے کہ جن اوراق پر آیات و احادیث ہوں۔ ان کا خاص احترام ملحوظ رکھیں تاکہ بے ادبی نہ ہونے پائے۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com